**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 06 September 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۶/ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **درس و تدریس کا پیشہ انسانیت کی فلاح و بہبود کی مقدس مہم ہے ' صدر جمہوریہ دروپدی مُرمو**

☆ **مراٹھواڑہ اور وِدربھ سمیت ریاست میں ایک لاکھ کروڑ روپے سرمایہ کاری پر مشتمل 4/ پروجیکٹس کی منظوری**

☆ **کوکن کا اضافی پانی مراٹھواڑے کی جانب موڑنے کے تخمینے کو انتظامیہ کی منظوری**

**اور**

☆ **لاتور میں قائم کردہ ریلوے کوچ بنانے کے کارخانے میں کام کاج شروع**

**اب خبریں تفصیل سے...**

صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو نے کہا ہے کہ درس و تدریس کا پیشہ صرف ملازمت نہیں بلکہ انسانیت کی فلاوح و بہبود کی مقدس مہم ہے۔ وہ کل یومِ اساتذہ کے موقعے پر نئی دِلّی میں قومی مثالی ٹیچر ایواڈس عطا کرنے کے بعد اظہار خیال کر رہی تھیں۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ اساتذہ‘ طلباء کو خواتین کے تئیں حُسن سلوک کی تعلیم دیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ اگر طلباء کی کارکردگی میں کوئی کمی نظر آئے تو ایسی صورت میں تعلیمی نظام اور اساتذہ کی ذمہ داریاں مزید بڑھ جاتی ہے۔ انھوں نے کہا...

’’کوئی بچے یدی اچھا پردرشن نہیں کر پاتا ہے تو اِس میں شکشن ویوستھا اور شکشکوں کی زیادہ بڑی ذمہ داری بنتی ہے۔کسی بھی شکشا پرنالی کی سپھلتا میں سب سے مہتو پورن بھومیکا شکشکوں کی ہوتی ہے۔شکشک کی کیول ایک نوکری نہیں ہے۔ یہ مانو نرمان کا پوِتر ابھیان ہے۔شکشک کو پرتیک بچوں کی نئے سرگِک پرتیبھا کو پہچان کر اُسے اُسی طرح کی مدد دینا چاہیے اور آگے بڑھانا چاہیے۔‘‘

اِس تقریب میں ملک بھر کے 82/اساتذہ کو اعزازات سے سرفراز کیا گیا۔ ان میں کولہا پور ضلعے کے آرٹ ٹیچر ساگر بگاڈے اور گڈچرولی ضلعے کے مینتا بیڈ کے بھی شامل ہیں ۔ یہ اعزاز 50/ہزار روپئے ' چاندی کا تمغہ اور توصیفی سند پر مشتمل ہے۔

***** ***** *****

ممبئی میں کرانتی جیوتی ساوتری مائی پھلے ریاستی اساتذہ ایوارڈ بھی کل تقسیم کیے گئے ۔ اِس تقریب میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے ' اسمبلی اسپیکر راہل نارویکر اور اسکولی تعلیم کے وزیر دیپک کیسرکر سمیت متعدد معزز شخصیات موجود تھیں ۔ اِس موقعے پر اپنی تقریر میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اساتذہ کے تعاون کے بغیر ملک کی ترقی ممکن نہیں ہے ۔ اِس تقریب میں109 /اساتذہ کو مثالی استاد اعزاز سے سرفراز کیا گیا۔

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے 128/اسکولوں کو کل یوم اساتذہ کے موقعے پر بہترین اسکول کے اعزاز سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے ریاست میں ایک لاکھ 17/ہزار 220/کروڑ روپئے سرمایہ کاری پر مشتمل 4/ پروجیکٹس کو منظوری دی ہے۔ یہ پروجیکٹس اعلیٰ تیکنالوجی پر مبنی ہوں گے ۔ وزیر اعلیٰ کی صدارت میں شعبہ صنعت کی مجلس وزراء کی ذیلی کمیٹی کی میٹنگ منعقد کی گئی تھی جس میں یہ منظوری دی گئی ۔ ان پروجیکٹس کے سبب ریاست میں روزگار کے مزید 29/ہزار مواقع دستیاب ہوں گے ۔

اِن منصوبوں میں سے چھترپتی سنبھاجی نگر میں 21/ہزار 273/کروڑ روپئے سرمایہ کاری پر مشتمل آٹوموبیل پروجیکٹ قائم کیا جائے گا جس میں روزگار کے 12/ہزار مواقع دستیاب ہوں گے۔ اِسی طرح سیمی کنڈکٹر بنانے کا دوسرا پروجیکٹ پنویل میں قائم کیا جائے گا جس میں 83/ہزار 947/کروڑ روپئے سرمایہ کاری کی جائے گی ۔ اِس پروجیکٹ کے سبب روزگار کے 15/ہزار مواقع دستیاب ہوں گے ۔

تیسرا پروجیکٹ پونا میں قائم کیا جائے گا۔ اس میں الیکٹریک گاڑیاں تیار کی جائیں گی ۔ اِس پروجیکٹ میں 12/ہزار کروڑ روپئے سرمایہ کاری کی جائے گی ۔ اِس منصوبے کے سبب روزگار کے ایک ہزار مواقع دستیاب ہوں گے ۔ اِسی طرح پارچہ بافی یعنی ٹیکسٹائل کا چوتھا پروجیکٹ امراوتی ضلعے کے ناندگاؤں میں قائم کیا جائے گا۔ اِس میں 188/کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کی جائے گی جس کے سبب روزگار کے 550/مواقع دستیاب ہوں گے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے پیٹھن اور گنگاپور میں ڈسٹرکٹ ایڈیشنل کورٹ کا قیام اسی طرح ہنگولی میں آزادانہ جوڈیشیل ڈسٹرکٹ کورٹ قائم کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔ ریاستی کابینہ کے گزشتہ روز منعقدہ میٹنگ میں یہ منظوری دی گئی ہے۔

اِس کے علاوہ پونا- چھترپتی سنبھاجی نگر قومی شاہراہ کی تجدید ، آنگن واڑی مراکز کو شمسی توانائی کِٹ مہیا کرنا ، مرغی پالن کرنے والے کاروباری اِداروں کو بقایہ جات ادا کرنے کی صورت میں جُرمانہ معاف کرنا ، کنویں یا چھوٹے زرعی تالابوں کو بجلی کنکشن دستیاب کروانے کے لیے امداد اسی طرح بیڑ ضلعے کے دھارور تعلقہ میں آباد سُکڑی نامی دیہات کی باز آبادکاری کرنے کی بھی منظوری ریاستی کابینہ نے دی ہے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

ریاست میں نومبر 2023ء سے جولائی 2024ء کے دوران ہوئی بے موسم بارش اور ژالہ باری کی وجہ سے ضائع ہوئی فصلوں کے نقصان بھرپائی کی مد میں 307/کروڑ 25/لاکھ روپئے کی امداد منظور کی گئی ہے۔ اِس خصوص میں حکومتی فیصلہ کل جاری کیا گیا۔ اِس میں بتایا گیا ہے کہ یہ امدادی رقم متعلقہ کاشتکاروں کے بینک کھاتوں میں براہ راست منتقل کی جائے گی۔

***** ***** *****

کوکن کا اضافی پانی مراٹھواڑے کی سمت موڑنے کے لیے جامع خاکہ تیار کرنے کے تخمینے کو انتظامیہ نے منظوری دیدی ہے۔ کوکن سے 54/اعشاریہ 70/ٹی ایم سی اضافی پانی مراٹھواڑے کی سمت موڑنا ممکن ہے لہٰذا ایک جامع خاکہ تیار کرنے کے لیے 61/کروڑ 52/لاکھ روپئے کے تخمینے کو انتظامیہ نے منظوری دیدی ہے۔ اِس منصوبے کی تکمیل سے مراٹھواڑے کی تقریباً 2/لاکھ 40/ہزار ہیکٹر زرعی زمین کی آبپاشی اِسی طرح پینے کے پانی کی ضرورت اور صنعتی استعمال کی ضرورت پوری ہوگی۔

***** ***** *****

معذور مسافروں کے لیے اسٹیٹ ٹرانسپورٹ کارپوریشن ایس ٹی کی تمام بسوں میں مستقل طور پر ریز رویشن دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اِس کے مطابق معذور مسافر بس میں داخل ہونے پر اُنھیں فوراً ریزرویشن دینے کی ذمہ داری متعلقہ کنڈیکٹر کی ہوگی۔ اِس کے علاوہ متعلقہ بس کے ڈرائیور اور کنڈیکٹر کو معذور مسافروں کو بس میں سوار ہونے اور اُترنے میں ہر ممکن مدد کرنی ہوگی۔

***** ***** *****

لاتور میں قائم کردہ ریلوے کوچ بنانے کے کارخانے میں کام کاج شروع ہو چکا ہے۔ اِس کارخانے کو وندے بھارت ٹرین کے ایک ہزار 920/ڈبے تیار کرنے اور آئندہ 35/برسوں تک ضرورت پڑنے پر اُن کی مرمت کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کلکٹر ابھجیت راؤت نے آنے والے گنیش اُتسو اور عید میلاد النبی ﷺ کے موقعے پر شہریان سے باہمی مفاہمت اور ہم آہنگی کو برقرار رکھنے کی اپیل کی ہے۔ وہ کل امن کمیٹی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے تھے۔

***** ***** *****

پونا شہر ٹرانسپورٹ لمیٹیڈ کی منیجنگ ڈائریکٹر نیز اُس وقت کی بیڑ ضلع کلکٹر دیپا مُدھول مُنڈے کو اسکوائچ نامی اِدارے کی جانب سے ''اسکوائچ 2024ء'' ایوارڈ کے لیے چُنا گیا ہے۔ بیڑ ضلعے میں بچپن کی شادیوں پر روک لگانے کے لیے موثر اقدام کرنے پر اُنھیں اِس ایوارڈ سے نوازا جا رہا ہے۔ آئندہ 22/تاریخ کے روز نئی دِلّی میں اُنھیں یہ ایوارڈ عطا کیا جائے گا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے تلجا پور تعلقے میں منگرُڑ کی آنگن واڑیوں کے احاطوں میں آنگن واڑی خادماؤں اور مقامی ساکنان کی مدد سے باغیچے لگائے گئے ہیں۔ اِن باغیچوں میں کاشت کی جا رہی سبزیاں اور پھل وہاں تربیت حاصل کر رہے بچوں کو کھلائے جاتے ہیں۔ جس کے سبب بچوں میں غذائیت کی کمی دور کرنے میں مدد مل رہی ہے۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع کے سبھی کاشتکار ای فصل جائزے کے لیے جلد از جلد اندراج کروائیں۔ ضلع کلکٹر ڈاکٹر شری کرشن پنچاڑ نے یہ اپیل کی ہے۔

اُنھوں نے بتایا کہ جو کاشتکار ای فصل جائزہ ایپ پر اپنی تخم ریزی کا اندراج کروائیں گے صرف اُنھیں ہی فصل قرض ، فصل بیمہ اور نقصان بھرپائی سمیت دیگر سرکاری اسکیمات کا فائدہ ملے گا۔

***** ***** *****

اپنے مختلف مطالبات کی تکمیل کے لیے قبائلی برادری نے کل ہنگولی ضلع کلکٹر دفتر پر مورچہ نکالا تھا۔ اِس موقعے پر انھوں نے ایک محضر بھی ضلع کلکٹر کو پیش کیا۔ اِس مورچے میں ہنگولی تعلقہ سمیت ، کلمنوری ، سین گاؤں ، اَونڈھا ناگناتھ اور بسمت تعلقہ میں آباد قبائیلی برادران کثیر تعداد میں شامل تھے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

☆ **درس و تدریس کا پیشہ انسانیت کی فلاح و بہبود کی مقدس مہم ہے ، صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو**

☆ **مراٹھواڑہ اور وِدربھ سمیت ریاست میں ایک لاکھ کروڑ روپئے سرمایہ کاری کے 4ر پروجیکٹس کی منظوری**

☆ **ریاست میں نومبر 2023ء سے جولائی 2024ء کے دوران ہوئے فصلوں کے نقصانات کی مد میں 307ر کروڑ 25ر لاکھ روپئے کی امداد منظور**

☆ **کوکن کا اضافی پانی مراٹھواڑے کی جانب موڑنے کے تخمینے کو انتظامیہ کی منظوری**

**اور**

☆ **لاتور میں قائم کردہ ریلوے کوچ بنانے کے کارخانے میں کام کاج شروع**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆